ناصر جنگ شہید از جناب رہبر صاحب فاروقی، صفحات ۱۸۷، قیمت ۲/۸۔ ملنے کا پتہ :- بیرون یاقوت پورہ، املی بن، مکان ۱۳۵/۱۶، حیدرآباد، دکن۔

یہ کتاب نظام الملک آصف جاہ بانی سلطنت آصفیہ کے جانشین نواب میر احمد خاں نظام الدولہ کے سوانح حیات پر مشتمل ہے۔ واضح رہے کہ دکن کی سیاسی تاریخ کو جو اہمیت تاریخ ہند میں حاصل ہے، کچھ ویسی ہی اہمیت تاریخ دکن میں ناصر جنگ کے دور کی ہے، لیکن اس دور کے بہت مجمل حالات تاریخوں میں ملتے ہیں۔ اچھا ہوا کہ اب جناب رہبر فاروقی نے مطالعہ و تحقیق کے بعد اس دور کے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کر دی ہیں۔ تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات یقیناً مؤلف کی کاوش کی داد دیں گے۔

آثار اقبال مرتبہ جناب غلام دستگیر صاحب رشید، ایم، اے، عثمانیہ۔ شائع کردہ :- ادارۂ اشاعت اردو، حیدرآباد، دکن

قیمت :- مجلد تین روپے ۱۲ آنے

علامہ اقبال کی شخصیت اور ان کے کلام کو مختلف اہل قلم مختلف پہلوؤں سے نمایاں کرنے میں مصروف ہیں اور آئے دن اس سلسلہ میں تشریحی اور تنقیدی مقالات شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اخبارات اور رسائل کے فائلوں سے ایسے ہی کچھ دلچسپ اور معلومات افزا مقالات کو اس کتاب میں جمع کیا گیا ہے۔ ان مقالات کے لکھنے والوں میں نواب محمد بہادر خاں مرحوم، ڈاکٹر خلیفہ عبدالکریم، پروفیسر خواجہ عبدالحمید، مولانا اسلم جیراجپوری، ڈاکٹر میر ولی الدین، مولانا محمد علی مرحوم، پروفیسر رشید احمد صدیقی، مولانا نذیر الحق میرٹھی اور دوسرے ممتاز اصحاب شامل ہیں۔

جن لوگوں کو اقبال مرحوم سے دلچسپی ہے، ان کے لیے یہ کتاب قابل مطالعہ ہے۔

تعارف قرآنی از جناب ایم عبدالرحمٰن خاں صاحب، چھلیک، ملتان شہر۔

ناشر :- ایم ثناءاللہ خاں پبلشر اینڈ بک سیلر۔ ۲۶، ریلوے روڈ، لاہور، قیمت مجلد ۱۲/

یہ کتاب اگرچہ کوئی اونچے درجہ کی محققانہ تالیف نہیں ہے، لیکن بہرحال چونکہ اس کا موضوع قرآن ہے اور قرآن کی بعض بصیرت افروز آیات کو اس میں ایک خاص نظم سے مرتب کر کے پیش کیا گیا ہے، اس وجہ سے کون مسلمان ہوگا جو اس کی پسندیدگی کا اظہار نہ کرے۔ جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے، یہ کتاب خود قرآن کی آیات کے حوالہ سے قرآن کی مختلف حیثیتوں کو متعین کر کے پیش کرتی ہے۔ مثلاً اس کے چند عنوان ملاحظہ ہوں :- قرآن نے اپنے لیے کونسے نام استعمال کیے؟ قرآن کب اور کس طرح اتارا گیا؟ قرآن کس زبان میں نازل ہوا؟ کیا قرآن پر ایمان لانا ضروری ہے؟ قرآن کے منکر کون ہیں؟ وغیرہ۔ ایسے ہی استفہامی عنوانوں کے ماتحت توضیحی آیتیں مع ترجمہ مرتب کی گئی ہیں۔ کتاب عام خواندہ طبقہ کے لیے مناسب ہے۔ (ن۔ ص)

اعلان

رسالہ ترجمان القرآن کے مندرجہ ذیل رسائل ہمارے دفتر میں موجود ہیں۔ جن اصحاب کو ضرورت ہو منگا سکتے ہیں۔ قیمت فی پرچہ ۸/ سنہ [illegible]ھ :- صفر، جمادی الآخر، رجب، شوال، ذیقعدہ، ذی الحجہ۔ سنہ [illegible]ھ صفر، رجب، شعبان، رمضان۔ سنہ [illegible]ھ :- شعبان، سنہ [illegible]ھ :- ربیع الثانی، رجب، شوال، سنہ [illegible]ھ شوال۔ ذی القعدہ، ذی الحجہ۔ سنہ [illegible]ھ رمضان، شوال۔ ذی القعدہ، ذی الحجہ۔ سنہ [illegible]ھ جمادی الاول، جمادی الآخر، رجب، شعبان، رمضان، شوال سنہ [illegible]ھ ذی القعدہ، ذی الحجہ